RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

جلد ۷	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۴ ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۰ مئی سنہ ۱۸۹۵ عیسوی	نمبر ۲۰

حکم اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۶ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

صاحب سکرٹری بہادر کونسل لکھتے ہیں کہ اکثر لوگ درخواستہائے عطائے سامان مستعار میں یا الفاظ تحریر کرتے ہیں کہ (فرش بقدر مکان بلایا جاوے) اور بلا اندازہ بقدر سامان مانگتے ہیں جو زیادہ ہوتا ہے اور وجہ ہو جانے حکم کے بقدر حاجت مستدعی پوری کرنا پڑتی ہے اور اسباب خراب ہوتا ہے

فہرست مضامین

... استدعا اس امر کا جاری فرمایا جاوے کہ جو اشخاص سند حاصل کرنے سائل ہوں درخواستوں میں تفصیل اشیائے مطلوبہ بقید تعداد مفصل تحریر کر دیا کریں۔

حکم ہوا کہ

آیندہ سے یہ امر ظاہر کر دیا جاوے کہ درخواست میں تفصیل اسباب درج ہوا کرے مجمل درخواست مکان کی وسعت پر یا کسی عوت کی ضرورت کی نہ ہوا کرے فہرست مطلوبہ ضروری ہے۔

حکم صاحب ایس پریذیڈنٹ بہادر

مسودہ عرضی خان بہادر کپتان محمد فتح یاب خان صاحب آمدہ اجلاس خصوصی معلی دام اقبالہ بدرخواست اجازت رکھنے [illegible]

چونکہ حسب اجازت حضور پرنور خان بہادر فتح یاب خان صاحب [illegible] اور [illegible] رکھنے کی اجازت دی گئی لہذا [illegible] متعلق [illegible] حرف (ہ) [illegible] ریاست ہذا میں آتے ہیں لہذا ایک نقل تحریر ہذا کپتان صاحب کو بطور سند دیجاوے اور ایک نقل [illegible] محکمہ دار الانشا کو بھیجی جاوے اور ایک نقل برائے درج گزٹ و سررشتہ پولیس کو بھیجی جاوے۔ ۱۴ مئی ۱۹۲۵ء

بحکم صاحب ایس پریذیڈنٹ بہادر

نرخنامہ میونسپل ڈپارٹمنٹ مجوزہ صاحب چیف انجینیر منظور [illegible]

نمبر	نام کام	شرح روپیہ	شرح آنہ	شرح پائی	فی
۱	مٹی کا کام مع درستی	عا	۸	۰	فی ہزار مکعب
۲	بھرائی مٹی مع [illegible]	۰	۱۲	۰	فی سیکڑہ مکعب
۳	کانکریٹ بنیاد	عسہ	۰	۰	//
۴	چنائی پختہ خشت خورد	عسہ	۰	۰	//
۵	ایضاً خشت کلان	للعسہ	۰	۰	//
۶	ایضاً ڈاٹ	عسہ	۰	۰	//
۷	چنائی [illegible]	عسہ	۸	۰	فیصدی مربع
الف	[illegible]	لعہ	۰	۰	//
۸	کہرگچہ پختہ مع خام خشت خورد	سے	۱۲	۰	//
۹	پلاستر پختہ	سے	۰	۰	//
۱۰	[illegible]	عا	۰	۰	//
۱۱	[illegible]	عہ	۸	۰	//
۱۲	سفیدی	۰	۳	۰	//
۱۳	لکڑی کا کام (چوب سال)	سے	۰	۰	فی فٹ مکعب
۱۴	ایضاً دیسی چوب	عہ	۰	۰	//
۱۵	کول تار	۰	۱۲	۰	فیصدی مربع

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۱۱ مئی ۱۹۲۵ء

عرضی عبدالقادر [illegible] آمدہ اجلاس بدرخواست رخصت یک ماہ رعایتی بوجہ علالت مع سارٹیفکیٹ ڈاکٹر مورخہ ۴ اپریل ۱۹۲۵ء ملاحظہ ہوکر رخصت رعایتی منظور کی گئی منجملہ ایک سال کے ایک ماہ رخصت [illegible]

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۱۱ رمئی ۱۸۹۵ء

بدرخواست منشی عوض محمد علیخان نائب بخشی رخصت بابت یوم منظور ہے

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۱۹ رمئی ۱۸۹۵ء

جشن سالگرہ ملکہ معظمہ قیصرہ ہند تمام ہندوستان میں ۲۵ رمئی کو قرار پایا ہے اور اعلان اسکا گورنمنٹ گزٹ اور عام اخبارات ہندوستان میں دیا گیا ہے چونکہ ریاست میں حسب معمول قدیم سنین ماضیہ جشن ۲۴ رمئی کو ہوتا رہا ہے لہذا بموجب اعلان گورنمنٹ گزٹ تعطیل ۲۵ رمئی کو دیجاوے اور بغرض تصحیح تاریخ روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

واقع ۱۱ رمئی ۱۸۹۵ء

جن مقدمات میں صاحب سشن جج بہادر پانچ سال سے زیادہ قید کی سزا کا حکم صادر کرتے ہیں وہ حسب قاعدہ مجریہ یہاں کے محتاج منظوری اجلاس کونسل ہوتا ہے اور صاحب سشن جج بہادر بعد صدور حکم مثل بغرض منظوری سروانہ فرماتے ہیں اور بلا انتظار انقضائے میعاد اپیل مثل اجلاس کونسل میں پیش ہوکر حکم آخر صادر ہوجاتا ہے جسکے بعد پھر کوئی موقع اپیل ملزم کو نہیں رہتا لہذا مناسب ہے کہ آیندہ جس ملزم کی نسبت حکم سزائے قید زائد از پنج سال صادر کیا جاوے اسکو بخوبی ہدایت فرما دیجاوے کہ اگر اپیل دائر کرنا منظور ہے تو درخواست اپیل گذرانے اور نقل تجویز صاحب سشن جج بہادر فوراً ملزم کو عنایت فرمادیا کریں اور تحت حکم اطلاعیابی ملزم کی لکھا دیا جاوے اگر ملزم اپیل کی درخواست پیش کرے تو درخواست اپیل مثل کے ساتھ روانہ کردیا کریں اور اگر فوراً درخواست اپیل نہ دیجاوے تو مثل پر حکم صادر فرمایا کریں کہ بعد انقضائے میعاد اپیل مثل منظوری کے لیے روانہ کیجاوے اور بعد اختتام میعاد مثل عدالت سشن سے روانہ ہوا کرے تاکہ ملزم سزایافتہ کو موقع اپیل حاصل رہے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا عدالت سشن میں بھیجی جاوے اور ایک نقل فائل بک میں چسپان ہو اور درج گزٹ کیجاوے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

واقع ۱۵ رمئی ۱۸۹۵ عیسوی

اگرچہ یہاں پہلے سے یہ عملدرآمد چلا آتا ہے کہ کاغذات شامل مثل دور شن اور پروانجات و نقول احکام پر پیشکاران اجلاس کے دستخط ہوتے ہیں مگر باضابطہ کوئی حکم اس عملدرآمد کی بابت پایا نہیں گیا چونکہ یہ عملدرآمد جاری رہنا مناسب ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

حسب دستور قدیم پیشکاران اجلاس کے دستخط کاغذات شامل مثل و رشن اور پروانجات و نقول احکام پر ہوا کریں یہ روبکار بعد ثبت دستخط پیشکاران اجلاس داخل دفتر ہو ایک نقل اسکی شامل فائل بک کیجاوے اور ایک نقل بنابر اندراج گزٹ مطبع کو بھی بھیجی جاوے۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشۂ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۱۴ لغایت ۲۰ مئی ۱۸۹۵ء عیسوی

پرگنہ	تفصیل پیدائش					تفصیل موتی												تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل کم سے		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود						
حضور تحصیل	۳	٠	٠	٠	۳	۳	٠	٠	۱	۲	٠	۵	۵	۴	۶	۸	۵	٠	٠	٠	۱۳	۱۳	٠
شاہ آباد	۲	۵	۱	۱	۹	۲	۷	۳	٠	٠	٠	۲	۳	۶	۳	۱	۸	٠	٠	۶	۳	۹	٠
ملک	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	نقشہ نہیں آیا
سوار	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	〃
بلاسپور	۳	۶	۷	۵	۲۱	۱۰	۱۱	۳	۳	۱۰	۵	۶	٠	۱۹	۸	۷	۲۰	٠	٠	۲۷	٠	۲۷	٠
ٹانڈہ	۸	۶	۱۱	۱	۲۶	۱۹	۷	۶	۴	۱	۲	۱۶	۶	۲۳	۱۲	۱۳	۲۲	٠	٠	۲	۳۳	۳۵	٠
میزان	۱۵	۱۷	۱۹	۸	۵۹	۳۴	۲۵	۱۲	۸	۱۳	۷	۳۰	۱۴	۵۵	۲۹	۲۹	۵۵	٠	٠	۳۰	۴۹	۸۴	٠

نقشۂ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۱۴ لغایت ۲۰ مئی ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۶ ار	٠	۱۵ ار	۱۵ ار	سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود ناصاف	۱۹ ار	۲۱ ار	۲۰ ار	٠	۲۱ ار	۱۸ ار	
نخود کہنہ	۲۲ ار	۲۲ ار	۲۲ ار	٠	۲۳ ار	۲۰ ار	
کسیر	۲۱ ار	٠	۲۴ ار	٠	٠	٠	
ماش	۹ ار	۹ ار	۸ ار	٠	۸ ار	۸ ار	
مونگ	۱۲ ار	۹ ار	۱۰ ار	٠	٠	۱۰ ار	
مکا	٠	٠	٠	٠	۱۵ ار	٠	
سبیجی	۲۶ ار	۲۲ ار	۲۵ ار	٠	۳۰ ار	۳۰ ار	
کودوں	۲۳ ار	۱۷ ار	۲۰ ار	٠	۲۲ ار	٠	
عدس	۲۱ ار ۲۲ ار	۲۰ ار	۲۱ ار	٠	٠	۲۰ ار	
ارہر	۲۶ ار	۲۳ ار	۲۰ ار	٠	٠	۲۰ ار	
برنج	۱۰ ار	۹ ار	۱۰ ار تا ۱۱ ار	٠	۱۱ ار	۹ ار	
روغن زرد	[illegible]	۱ ار	۱ ار	٠	۱ ار	[illegible]	
روغن سیاہ	۲ ار	۲ ار	۲ ار	٠	۲ ار	۲ ار	
روغن کنجد	٠	۱ ار	۲ ار	٠	٠	۲ ار	
نمک جھیل	۸ ار تا ۹ ار	۸ ار	۹ ار	٠	۹ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۶ ار	۶ ار	٠	۶ ار	۷ ار	
قند سیاہ	۸ ار تا ۱۰ ار	۷ ار	۹ ار	٠	۸ ار	٠	